جناب والا! آخر میں ایوان سے میری یہ بھی گزارش ہے کہ صوبوں کی بات ہو رہی ہے، یہ timely ہے، یہ issue کیوں چل پڑا کیونکہ ہمارے ہاں میڈیا زیادہ آزاد ہو گیا ہے، لوگوں کے پاس information زیادہ ہے اور لوگوں کی آوازیں پہلے صرف print media تک آتی تھیں یا کچلی جاتی تھیں، اب وہ زیادہ اوپر آ رہی ہیں لیکن صوبوں کی یہی demands 60s 70s سے آ رہی ہیں، یہ آج کی demands نہیں ہیں۔ شکریہ۔

جناب سپیکر! اسامہ محمود صاحب۔

جناب اسامہ محمود: شکریہ جناب سپیکر! سب سے پہلے تو میں اپوزیشن لیڈر فہد صاحب کا شکریہ ادا کرنا چاہوں گا کہ انہوں نے intentionally or unintentionally وہی بات کی اور ہمارے ہی اس Calling Attention Notice کو follow کیا ہے جو بات وزیراعظم صاحب نے بھی کہی کہ نئے صوبے بننے چاہییں لیکن جو issues انہوں نے بتائے ہیں کہ ان کے بارے میں دیکھنا چاہیے کہ وہ مسائل کیوں پیدا ہوئے؟ پاکستان کو بنے تقریباً پینسٹھ سال ہو گئے ہیں، ایک المیہ ہے کہ صرف پاکستان کی آبادی بڑھ رہی ہے جبکہ رقبہ نہیں بڑھ رہا۔ مستقبل میں کیا ہونے والا ہے، comparatively Punjab کی آبادی سب سے زیادہ ہے، 44% of the land Balochsitan کے پاس ہے، باقی لوگ پنجاب اور دوسرے صوبوں میں رہ رہے ہیں تو صرف نئے صوبے بنانا first step ہے۔ اس کے بعد demographic change بھی آئے گی ، لوگ towards Balochistan move کریں گے.because they own the 44% of land نئے صوبے بنیں گے، change آئے گی لیکن جو مسائل ہیں میں ان کی طرف اپوزیشن کے تمام ممبران کی توجہ مبذول کراؤں گا کہ مسائل کیوں پیدا ہوئے؟ ہمیشہ مسائل تب ہی پیدا ہوتے ہیں جب کوئی specific area ignore کیا جاتا ہے۔ پنجاب کے دارالخلافہ لاہور میں بیٹھ کر یہ ممکن نہیں ہے کہ پنجاب کی تمام آبادی کو control کیا جاسکے۔ کراچی میں بیٹھ کر it is not possible to control Interior Sindh. کوئٹہ میں بیٹھ کر تمام بلوچستان کو control نہیں کیا جا سکتا۔ KPK میں بھی same situation ہے۔ اب FATA والے بھی آہستہ آہستہ آواز اٹھا رہے ہیں کہ ہمیں بھی صوبے کی طرف لے کر جایا جائے۔ اس کی وجوہات کیا ہیں کہ کسی بھی صوبے میں human

rights نہیں ہیں۔ کرپشن بڑھتی جا رہی ہے، what is the source of economy? Revenue کیسے generate ہو گا؟ جب administrative reforms نہیں آئیں گی، جب ایک صوبے کے چھتیس سینتیس اضلاع ہوں گے، انہیں control کرنے والا کوئی نہیں ہو گا۔ جب ایک صوبہ ہو گا، ایک عدالت ہو گی، جب ہر صوبے کو مزید divide کیا جائے گا تو عدالتیں بھی بڑھیں گی، عام آدمی تک انصاف تک پہنچے گا۔ میڈیا کی approach عام آدمی تک ہو گی۔ جس طرح مہرین نے کہا کہ لوگوں میں sense of deprivation پیدا ہوئی ہے تو یہ نئے صوبے بنانے سے ہی آہستہ آہستہ ختم ہو گی۔ اگر ہم یہ کہیں کہ ان تمام چیزوں کو long term لے جائیں تو جس طرح حسن صاحب نے کہا کہ صرف ایک صوبے کو نام دینے میں ساٹھ پینسٹھ سال لگے گئے۔ ہمارے ملک کا یہ المیہ ہے کہ جو لوگ اسمبلیوں میں بیٹھے ہوئے ہیں وہ politicize کرتے ہیں، ہمارے sentiments سے کھیلا جائے گا کہ بلوچ قوم ٹوٹ جائے گی، پنجابی قوم ٹوٹ جائے گی، ایسا کچھ نہیں ہے، پڑھے لکھے لوگ چاہتے ہیں کہ administrative basis پر نئے صوبے بنیں اور ہم یہ نہیں کہہ رہے جس طرح کہا جاتا ہے کہ اسی حکومت میں ایک سال کے اندر صوبے بنیں گے، we are not saying this, Blue Party تو یہ بات نہیں کہہ رہی بلکہ ہم یہ کہہ رہے ہیں کہ near about five years, there should a plan اور ہمارے پاس plan موجود ہے، ہم administrative basis پر ہی بات کر رہے ہیں۔ نئے صوبے بننے چاہییں and this is the solution of all evils in Pakistan. Demarcation of more provinces not even four, five six، پاکستان میں تمام بیماریوں کی یہی solution ہے، اس کے علاوہ solution نہیں ہے۔ شکریہ۔

جناب سپیکر: جناب نجیب بلوچ صاحب۔

جناب نجیب عابد بلوچ: شکریہ جناب سپیکر! بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ باقی ممبران کی طرف سے بڑی اچھی گفتگو ہو رہی ہے۔ اس مسئلے پر میں جو point of view پیش کر رہا ہوں شاید اس پر ابھی تک کسی نے بات نہیں کی ہے۔ پاکستان کا جو parliamentary system ہے، اس میں سینیٹ ایک ایسا ادارہ ہے جو آپ کے چھوٹے صوبوں کو ایک cover provide کرتا ہے کیونکہ جب آپ کے National Assembly میں money bills pass ہوتے ہیں تو وہاں پر پنجاب کے MNAs کی majority ہے، باقی صوبوں کے لوگ کم ہیں، ہمارے صوبے بلوچستان کے تو 5% بھی نہیں ہیں لیکن in case of Constitutional amendments and other legislation Senate ایک ایسا ادارہ ہے جہاں provincial or federating units کی equal representation ہے جب آپ صوبوں کو either on administrative basis or linguistic basis divide کریں گے، مثال کے

طور پر آپ نے پنجاب کو دو حصوں میں تقسیم کر دیا اور سینیٹ میں پنجاب کی 25 seats زیادہ ہو گئیں۔ اب اس وجہ سے باقی صوبے پہلے سے زیادہ مشکل میں پڑ گئے، اب وہ پنجاب کا کوئی Bill روک ہی نہیں سکتے، وہ compete ہی نہیں کر سکتے، آپ نے پنجاب کو اور زیادہ بالادست بنا دیا۔ پنجاب قومی اسمبلی میںpopulation basis پر ویسے ہی بالادستی کر رہا ہے،آپ سینیٹ میں بھی بلوچیوں، پشتونوں اور سندھیوں کا حق ماریں گے۔

ایک معزز ممبر: جناب سپیکر! .Point of order

جناب سپیکر: جی۔

ایک معزز ممبر: جناب سپیکر! اگر پنجاب میں نئے صوبے بنا دیے جائیں گے تو پھر وہ پنجاب نہیں رہے گا بلکہ وہ نئے صوبے بن جائیں گے۔

جناب نجیب عابد بلوچ: آپ یہ صوبے administrative basis پر بنائیں گے اور اس میں جو MNAs and Senators elect ہوں گے وہ پنجابی ہی ہوں گے۔ پاکستان کے 1973 کے آئین میں 1947 میں شامل ہونے والے صوبوں کے parameters کو ensure کیا تھا کہ یہ ان کے rights ہیں اور آپ انہیں change نہیں کر سکتے۔ اگر میں particularly Balochistan کی بات کروں تو بلوچستان میں insurgency چل رہی ہے، بلوچستان ایک انتہائی نازک موڑ پر ہے۔ آپ نے Gwadar Mega Project start کیا، آج اس کے نتیجے میں یہ insurgency start ہوئی ہے۔ Gwadar Mega Project کا یہ scene تھا کہ وہاں لوگوں کو یہ feel ہو رہا تھا کہ وہاں غیر مقامی افراد آباد ہوں گے، for example اگر وہاں ایک کروڑ لوگ آباد ہوئے تو بلوچ minority میں چلے جائیں گے۔ ایک گوادر کے جانے کے لیے اتنی بڑی resistance کی، آپ ہمارے صوبے کو دولخت کریں گے کیا ہم ایسے ہی آرام سے بیٹھے رہیں گے؟ بلوچ اپنے وطن کو کبھی تبدیل نہیں ہونے دے گا۔ اسی طرح سندھی دھرتی ہے، سندھ دھرتی کبھی کراچی کو تقسیم نہیں ہونے دے گی چاہے وہ اردو کی بنیاد پر ہو چاہے administrative basis پر ہو۔ اگر آپ ایسے کام کرنے جائیں گے تو سندھ میں بھی ہم سے بدتر حالات ہوں گے۔ ابھی آپ نے دیکھا ہے کہ سندھ میں جئے سندھ والوں نے freedom movement شروع کی ہے، ان کے بشیر خان قریشی کو زہر دے کر مار دیا گیا ہے، وہ انہی basis پر ہے۔ کراچی میں ایک نئے صوبے کی ہوا create کر دی گئی۔ اگر آپ کراچی کو administrative basis پر صوبہ بنا بھی دیں وہ مہاجروں کا صوبہ ہو گا، وہ administrative basis پر نہیں ہو گا، اسے linguistic basis بنائیں گے تو administrative basis پر نہیں ہو گا، آپ اسے identify نہیں کر سکتے۔ لہٰذا میری گزارش ہے

کہ آپ federating units کو اس وقت تک نہ چھیڑیں جب تک آپ نے ایک مضبوط وفاق بنائی ہوئی ہے۔ آپ مضبوط وفاق کی decentralization کی طرف جائیں، صوبوں کو resources دیں، صوبوں پر check and balance رکھیں، National Accountability Bureau کو ایسا effective Bureau بنائیں کہ صوبے اچھے طریقے سے چلنا شروع کر دیں۔ آپ پاکستان کی سینیٹ میں چھوٹے صوبوں کی نمائندگی کرنے والوں کو ensure کریں کہ there should be equal representation of nations in this country, not the people, آپ nations کو recognize کریں گے تبی sense of deprivation in Balochistan and Sindh ختم ہو سکتا ہے، otherwise, آپ ایسے اقدامات کرنے جائیں گے تو بنگلہ دیش کی مثال آپ کے سامنے ہے، آپ نے اسے accept نہیں کیا، خدارا! آپ اور بنگال بنانے کی کوشش نہ کریں۔

جناب سپیکر! حسن اشرف کے ایک point پر بات کرنا چاہتا ہوں کہ انہوں نے پنجابی میں بات کی، ایک زمانے میں نواب اکبر خان بگٹی نے اردو زبان کا بائیکاٹ کیا تو تقریباً پنجاب کے سارے لوگوں نے انہیں غدار کہا لیکن میں حسن اشرف کو غدار نہیں کہہ سکتا۔ شکریہ۔

جناب عبید الرحمٰن: جناب سپیکر! .Point of order

جناب سپیکر: جی۔

جناب عبید الرحمٰن: جناب والا! موجودہ بلوچستان تاریخ میں کبھی بھی ایسا نہیں تھا۔ بلوچستان کے موجودہ رقبے کے 44% حصے میں ریاستیں تھیں باقی تمام کا تمام رقبہ British Union کے اندر آتا تھا، اس میں پشین، کوئٹہ کے علاقے پشتون علاقے تھے اور وہ افغانستان سے لیے گئے تھے۔ اس طرح بلوچستان کی دھرتی کے لیے کہنا کہ اس divide نہیں کیا جائے گا یہ غلط بات ہے، بلوچستان کبھی administratively ایسا نہیں تھا۔ ایک اور اہم بات کہ پنجاب کا خوف سر پر اتنا سوار نہیں کرنا چاہیے کہ آپ کی عقل ماؤف ہو جائے - آپ نے جب divide کرنا ہے تو سرائیکی اور ethnicity پر بھی divide کریں گے۔ اس کے علاوہ یہ کہتے ہیں کہ NAB کو مضبوط کریں اور federation کو کمزور کریں۔

جناب سپیکر! آپ تشریف رکھیں۔

جناب نجیب عابدبلوچ: جناب والا! میں اس پر چھوٹا سا جواب دینا چاہتا ہوں۔ جناب والا! بلوچستان میں جو پشتون علاقے ہیں، ہم بلوچوں کا کبھی ان پر claim نہیں رہا ہے۔ وہ خیبر پختونخوا کے ساتھ جائیں، کہیں بھی جائیں، we are willing ہم نے اس پر کبھی claim نہیں کیا،

میرے نزدیک بلوچستان کے صرف بلوچ علاقے ہیں۔

جناب سپیکر: جناب محمد ظفر صدیق صاحب۔

جناب محمد ظفر صدیق: جناب والا! میں بات تو کچھ اور کرنا چاہ رہا تھا لیکن ہوا کا رخ دیکھ کر یہ کہوں گا کہ سب سے بڑا مسئلہ یہ نہیں ہے کہ linguistic or administrative basis پر نہیں بن رہے ہیں، سب سے بڑا مسئلہ یہ ہے کہ آپ کو اس کے لیے قومی اسمبلی اور صوبائی اسمبلیوں میں $2/3^{rd}$ majority چاہیے جو کہ ابھی تک کسی پارٹی کے پاس نہیں آئی۔ اگر آج کسی پارٹی کے پاس $2/3^{rd}$ majority آجاتی تو پندرہ دنوں میں آپ جتنے صوبے کہیں گے وہ بن جائیں گے۔ میرا مسئلہ یہ نہیں ہے کہ صوبےlinguistic basis پر بنیں یا administrative basis پر بنیں۔ بدقسمتی سے پاکستان میں جتنے بھی کام ہوتے ہیں سارے کے سارے political basis پر ہوتے ہیں۔ ہمیں یہ ensure کرنا ہے کہ جب صوبے بنیں تو سیاسی بنیادوں پر نہ بنیں بے شک administrative basis پر بنیں، بےشک linguistic basis پر بنیں، کوئی مسئلہ نہیں ہے۔ یہ چیز ہم نے decide نہیں کرنی جو majority کہے گی وہی ہو گا۔ شکریہ۔

جناب سپیکر: جناب محمد عامر خان صاحب۔

جناب محمد عامر خان: شکریہ جناب سپیکر! اس ایوان کا یہ بہت dilemma ہے کہ اب صوبوں کی demarcation پر بھی پابندی لگائی جارہی ہے کہ discussion بھی نہ ہو، یہ بڑی حیرانگی کی بات ہے۔ ابھی اپوزیشن کے ایک دوست نے بات کی کہ ہم politically mature نہیں ہیں اس لیے اس مسئلے پر بات نہ کی جائے۔ بھائی Youth Parliament of Pakistan میں ہم پورے پاکستان کی youth کے representatives ہیں۔ دوسری بات یہ ہے کہ ابھی پاکستان کے پاس ایک vibrant media ہے۔ آپ پورے پاکستان کے rural areas میں یاکسی بھی جگہ چلے جائیں ہر آدمی کو awareness ہے، ہر آدمی سوالات کرتا ہے، ہر آدمی اب اپنا حق مانگ رہا ہے۔ اگر آپ بات کرتے ہیں کہ خیبر پختونخوا میں حالات خراب ہیں۔بلوچستان کا مسئلہ نیا مسئلہ نہیں ہے، یہ insurgency چوتھی مرتبہ کھڑی ہوئی ہے، یہ بہت لمبا issue ہے، آپ اس مسئلے کو نہ چھیڑیں۔ اگر آج بلوچستان کا مسئلہ اتنا بڑا ہو گیا ہے تو اس کی وجہ یہ ہے کہ ہم نے ان کے rights کو deny کیا اس لیے اب وہ ہمارے ہاتھوں سے نکلتا جا رہا ہے۔ جہاں تک خیبر پختونخوا یا قبائلی علاقوں کی بات آتی ہے تو اگر ہم ان قبائلی علاقوں میں ایک code of conduct دے دیتے ہیں۔ اگر ہم خیبر پختونخوا یا قبائلی علاقوں کو buffer zone نہ بناتے بلکہ

وہاں کوئی setup رکھتے تو آج وہاں حالات خراب نہ ہوتے۔ دوسری وجہ war on terror ہے جس کی وجہ سے وہاں کے حالات خراب ہیں،جونہی امریکہ یہاں سے جائے گا تو حالات ٹھیک ہو جائیں گے۔

جناب والا! اس ملک میں اگر restoration of judiciary پر movements چل سکتی ہیں، اس ملک میں گیس کے مسئلے پر، energy crisis پر، youth کے issues پر، human rights پر بات ہو سکتی ہے تو نئے صوبوں پر بات کیوں نہیں ہوسکتی؟ شکریہ۔

جناب سپیکر: جناب محمد حماد ملک صاحب۔

جناب محمد حماد ملک: جناب سپیکر! میں سب سے پہلے تو یہ کہنا چاہوں گا کہ میرے جتنے بھی معزز Youth Parliamentarian from the Blue Party نے جو بھی کہا، یہ سارے جذبات کے دھارے میں بہہ گئے ہیں۔ ان میں سے کسی نے بھی یہ غور نہیں کیا کہ ہماری resolution کن بنیادوں پر آئی؟ اس کو لانے کا مقصد کیا تھا اور اس کو لانے کے پیچھے کیا وجوہات تھیں؟ جناب والا! یہ resolution جناب صدر زرداری صاحب کے اس بیان کے response میں آئی ہے جو انہوں نے کچھ دنوں پہلے دیا کہ ہم جانے سے پہلے لازمی صوبے بنائیں گے۔ اگر آپ دیکھیں تو حالاتِ حاضرہ کے بارے میں information نہ ہونے کی وجہ سے Blue Party بلاوجہ ہماری traditional opposing politics پر believe کر رہی ہے۔ وہ بھی وہی باتیں کہہ رہے ہیں جو ہم نے کی ہیں، صوبے ہم بھی بنانا چاہتے ہیں۔ ابھی میرے ایک معزز ممبر نے بات کی کہ آپ پانچ سالوں میں بنا لیں تو ہم نے بھی یہی بات کی ہے کہ آپ جلدی نہ کریں، آپ بعد میں بناتے رہیں۔

ایک معزز ممبر: جناب سپیکر! .Point of order

جناب سپیکر: جی۔

ایک معزز ممبر: جناب والا! میں نے جو پانچ سال کی بات کی تھی وہ اپوزیشن لیڈر صاحب کے بیان کے جواب میں کہی تھی۔

جناب محمد حماد ملک: ہم بھی یہی کہہ رہے ہیں کہ کچھ وقت بعد بنا دیں۔ ابھی جو وقت چل رہا ہے اس scenario میں نہ بنائیں۔ ادھر ایک اور بات کی گئی کہ ہم بنا کر رہیں گے، ہم فوراً کر لیں گے، یہ کہنا تو بہت آسان ہے لیکن اگر ہم دیکھیں تو یہ جمہوری حکومت ہے نہ کہ dictator کی حکومت ہے کہ وہ منہ سے بات کرے گا اور صوبہ بن جائے گا۔ Blue Party کے ہی ایک ممبر نے اس پر بڑی زبردست بات کی کہ ابھی تو ہمارے پاس majority ہے ہی نہیں

کہ ہم صوبے بنا لیں جب ہمارے پاس قومی و صوبائی اسمبلیوں میں $2/3^{rd}$ majority آئے گی تو پھر ہم صوبوں کی بات کریں گے۔ اس وقت ہمارے پاس کئی اور core issues موجود ہیں۔

ایک معزز ممبر: جناب والا! .Point of order

جناب سپیکر: جی۔

ایک معزز ممبر: جناب سپیکر! سندھ اسمبلی میں پیپلز پارٹی کے پاس $2/3^{rd}$ majority ہے، ابھی land reforms کی legislation ہوئی تھی، Police Order Act pass ہوا تھا، ایم کیو ایم نے fully oppose کیا تھا لیکن یہ پھر بھی pass ہوگئے تھے تو اس لیے ان کے پاس سندھ اسمبلی میں $2/3^{rd}$ majority ہے۔

جناب محمد حمادملک: جناب سپیکر! یہ شاید بھول رہے ہیں کہ ابھی تک جو تین صوبے proposed ہیں، ان میں KPK and Punjab میں ہیں، سندھ اور بلوچستان میں نہیں ہیں۔ ہم اس وقت recent scenario کی بات کررہے ہیں، ہم حالاتِ حاظرہ پر بات کریں گے، اگر میں مستقبل کا سوچنا چاہوں تو نہ کبھی بنگال والوں نے سوچا تھا کہ ان کے پچاس سے زائد صوبے بن جائیں گے نہ کبھی انڈیا والوں نے سوچا تھا۔ ابھی ہمارے خیبر پختونخوا میں ہزارہ اور پنجاب میں دو صوبے ایک جنوبی پنجاب اور ایک بہاولپور ، تین صوبے proposed ہیں اور میں اسی reference میں بات کروں گا۔ جناب والا! ہماریresolution کا مقصد یہ تھا کہ ابھی صوبے نہ بنائیں جائیں یا ابھی ان کی بات نہ کی جائے کیونکہ ہم اس وقت یہ چیز afford نہیں کر سکتے۔ اس کی کئی وجوہات ہیں، Green Party کےمیرے معزز ممبر شان صاحب نے اس کو بڑی detail میں بتایا، میں اس میں تھوڑا سا اضافہ کرنا چاہوں گا کہ صوبہ بنا دینا ایسی بات نہیں ہے کہ اس نے اپنے منہ سے کہا اور صوبہ بن گیا، ہمارے صوبے کا نام NWFP سے خیبر پختونخوا کرنے میں آٹھ ارب روپے لگ گئے۔ جب آپ نیا صوبہ بنائیں گے، آپ نے اس کے لیےبہت بڑا infrastructure develop کرنا ہے، اس وقت ہمارا ملک بہت بڑے بڑے crisis سے گزر رہا ہے، چاہے وہ economic ہوں، یا چاہے وہ energy crisis ہوں بلکہ interior میں ہمارا security crisis بھی چل رہا ہے، ہم اس وقت تو ایک secure nation بھی نہیں ہیں۔ یہاں ایک اور بات کی گئی کہ linguistic or administrative basis تو جب بھی نئے صوبے بنتے ہیں اور ایک ممبر نے انڈین پنجاب کی مثال دی کہ انہوں نے اسے on linguistic basis تقسیم کیا اور اس کے پیچھے کوئی hidden Sikh cause تھی، اس کے متعلق بھی میں بتاتا چلوں کہ Punjab in 1966 linguistic basis پر into Haryana and Himachal Pardesh distribute ہوا تھا

1971 Himachal Pardesh was again distributed into three provinces, Moneypur, Tripur اور and Meghala. یہ ساری distribution linguistic basis پر ہوئی تھیں۔

ایک معزز ممبر: جنا ب والا! .Point of order

جناب سپیکر! جی۔

ایک معزز ممبر: جناب والا! انڈین پنجاب کے صوبے divide تو ہوئے ہیں لیکن ان کا headquarter ابھی بھی چنڈی گڑھ ہے جبکہ وہ ابھی تک administratively ایک ہی ہیں اور منی پور، تری پورہ اور میگالیا کے علاقے North East India میں آتے ہیں، پنجاب میں نہیں آتے۔

جناب محمد حماد ملک: جناب والا! .They are in Himachal Pardesh جناب سپیکر! ادھر ایک اور بات کی گئی کہ ہمارے صوبوں کے مسائل کیونکہ ہم سب نے resolution میں مسائل کی بات کی ہے کہ پہلے مسائل ٹھیک کیے جائیں تو کچھ لوگوں نے کہا کہ جتنے بھی مسائل ہیں وہ administrative ہیں۔ اگر آپ administrative کہتے ہیں کہ جو different ethnic communities claim کر رہی ہیں، ہزارہ کہہ رہے ہیں کہ ہزارہ killings ہو رہی ہیں، پشتون کہہ رہے ہیں کہ پشتونوں کو مارا جار ہا ہے، بلوچ کہہ رہے ہیں کہ بلوچوں کو مارا جا رہا ہے تو کیا یہ administrativeمسائل ہیں یا ethnicمسائل ہیں؟ ہمارے ملک میں اس وقت جتنے بھی مسائل ہیں ان کا حل یہی ہے کہ پہلے core issues کو حل کیا جائے پھر صوبوں پر بحث کی جائے کہ آیا وہ linguistic basis پر بنیں گے یا کون سا صوبہ linguistic or ethnic basis پر بنے گا یا بعد میں کون سا صوبہ administratively بنے گا۔ اگر administratively صوبے بنانا اتنا آسان کام ہے تو آپ بھی KPK والا کام کریں کہ KPK Government نے آج صوبائی اسمبلی میں قرارداد منظور کی ہے کہ وہاں اکتوبر میں مقامی حکومتوں کے الیکشن ہو رہے ہیں۔ اگر administratively ہی کرنا ہے تو آپ فوری طور پر Local Government کے نظام کو لے آئیں، بعد میں جب آپ time frame لیں اور صوبے تقسیم کریں۔ شکریہ۔

جناب سپیکر: محمد عتیق صاحب۔

جناب محمد عتیق: جناب والا! نئے صوبے وقت کی اہم ضرورت ہیں۔ اس میں میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ ہمارے ہاں وسائل کی تقسیم آبادی کے لحاظ سے ہوتی ہے، کچھ ممالک میں یہ formula ہے اور کچھ میں نہیں ہے لیکن ہمیں اپنی norms, traditions and culture کو دیکھتے ہوئے کام کرنا ہوتا ہے۔ بہرحال جس طرح ہم نے کشمیر کو politically use کیا، ہم نے اپنے حصے کے کشمیر کو use کیا، انڈیا نے اپنے حصے کے کشمیر کو استعمال کیا۔ اب تک

صوبے administrative basis پر اس لیے نہ بن سکے کیونکہ وہ political will and political agenda کی بنیاد پر تھے۔ اس وقت صوبوں کو تقسیم کرنے کی ضرورت کیوں ہے میں اس کی چھوٹی سی مثال دیتا ہوں کہ ہمیں ابھی تک آٹا تقسیم کرنا نہیں آیا۔ کراچی میں ایک واقعہ پیش آیا تھا جس میں تقریباً بیس سے بائیس خواتین آپس کی بھگدڑ مچ جانے کی وجہ سے ہلاکت ہو گئی تھی۔ اگر پنجاب کی آبادی نو کروڑ ہے تو ہم ابھی تک پانچ چھ سو لوگوں میں کوئی چیز تقسیم کرنا نہیں سیکھ پائے تو نو کروڑ کی آبادی کو سستا انصاف کیسے دیں گے؟ ریاست کے اندر ریاست کے جو قوانین چل رہے ہیں ان کی کئی وجوہات ہیں جن میں پاکستان کے بہت سے علاقے ایسے ہیں جہاں بجلی اور دوسرے resources تو جاتے ہیں لیکن ان کے bills or taxes pay نہیں کیے جاتے تو جب ریاست کے اندر ریاست بنی ہو گی تو وہاں پر کبھی بھی امن و سکون نہیں ہو سکتا۔

جناب والا! میں انڈیا کی بات کروں گا جو سب سے بڑا secular and democratic country ہے، ان کے ہاں ہم سے زیادہ sects موجود ہیں، ان کے ہاں زیادہ religious چیزیں ہیں لیکن ان کے ہاں sects کا آپس میں لڑنے کا اتنا ratio نہیں ہے جتنا ہمارا ہے، اس کی کیا وجہ ہے؟ بہرحال ہم ایک democratic country تو ہیں لیکن جو democratic practices ہیں وہ ہمارے ہاں true نہیں ہیں، اس کی وجہ یہ ہے کہ ہمیں اپنے اوپر control نہیں ہے۔ میں اگر صرف ممبئی کی بات کروں تو اس کی آبادی چودہ کروڑ کے قریب بنتی ہے تو administratively وہ ہم سے کافی آگے ہیں، وہاں economy ٹھیک ہے، وہاں حکومت کی subsidy موجود ہے۔ جمہوری ملک میں ہر آدمی برابر حیثیت رکھتا ہے، جب تک آپ democratic practices true نہیں کریں گے، ان چیزوں کو مزید administratively divide نہیں کریں گے۔ اب جس طرح 18th Amendment میں provincial autonomy ملتی ہے، NFC Award ہوتا ہے، یہ ساری چیزیں practice ہوتی ہیں۔ ہم ابھی تک 18th Amendment کو implement ہی نہیں کر پائے ہیں، صرف کیا کیا ہے کہ ایک صوبے کا نام تبدیل کر دیا ہے، کچھ صوبوں کے spelling change کر دیے ہیں تو اب تک یہ ہماری implementation history ہے۔

جناب والا! جب ہم جمہوریت کی بات کریں گے، لوگوں کی آزادی رائے کی بات کریں گے۔

ایک معزز ممبر: جناب سپیکر! Point of order.

Mr. Speaker: Yes please.

ایک معزز ممبر: جناب سپیکر! ممبئی کی آبادی چودہ کروڑ نہیں بلکہ چار کروڑ ہے۔

جناب محمد عتیق: جہاں تک سستے انصاف کی بات ہے تو چاہے پنجاب کو پنجاب ہی رہنے دیا جائے، اگر اس میں چونتیس اضلاع ہیں تو ان میں کوئی ایسا انتظامی structure لایا جائے جس میں سستا انصاف مل سکے۔ ہر شخص کو سستا انصاف چاہیے، اس کو اپنا صوبہ بڑا یا چھوٹا نہیں چاہیے۔ شکریہ۔

جناب سپیکر: ملک ریحان صاحب۔

Malik Rehan: Sir, survival in Pakistan is the biggest question of fate and luck. We are lucky that we are surviving in Pakistan.

ہم لوگ صوبوں پر بحث کر رہے ہیں لیکن اس ملک میں بدقسمتی سے نہ انصاف ہے، نہ امن ہے، نہ برابری ہے، نہ fundamental rights ہیں، نہ ہماری زندگیوں کی guarantee ہے ہماری زندگیاں at stake ہیں۔ حکومت کو چاہیے کہ سب سے پہلے انصاف کو ensure کرے، peace کو ensure کرے بلکہ جمہوریت کو ensure کرے بعد میں صوبوں کی بات کرے۔ جناب والا! ہماری federation میں چار صوبے ہیں، ہم ان کے حالات صحیح نہیں کر سکے جبکہ ہم سوچ رہے ہیں کہ پاکستان کو reshape and restructure کریں۔ The 1973 Constitution is the only consensus based document. It neither recognizes or foresee the further division of Pakistan into more provinces. اس میں کہا گیا ہے کہ اور صوبے نہیں بننے چاہییں۔ اس میں political ambiguities and political conflicts چل رہے ہیں، political instability ہے اور کسی کے پاس majority بھی نہیں ہے، ملک میں unity نہیں ہے اس لیے جب تک ملک میں political stability میں نہیں آتی اس process کو delay کیا جائے۔

جناب سپیکر! میرے خیال میں more provinces creates more problems, less provinces creates less or no problems. مطلب یہ کہ جتنے صوبے کم ہوں گے اتنے کم مسائل ہوں گے۔ جناب والا! میں اس resolution کی favour کرتا ہوں، صوبے بننے چاہییں، اٹھارہ کروڑ عوام ہیں اٹھارہ صوبے بنائے جائیں، تین سو sects ہیں، تین سو مذاہب ہیں، تین سو زبانیں ہیں، ٹھیک ہے تین سو صوبیں بنائے جائیں لیکن پہلے حالات بھی دیکھیں۔

جناب سراج الدین میمن: جناب والا! Point of order.

جناب سپیکر: جی۔

جناب سراج الدین میمن: جناب والا! ان کے point of view میں ambiguity ہے، کبھی

support کررہے ہوتے ہیں اور کبھی کہتے ہیں کہ نہیں ہونے چاہییں۔ جناب والا! یہ ایک بات کریں کہ they want provinces or not? کبھی کہہ رہے ہیں کہ وقت چاہیے اور کبھی کہتے ہیں کہ injustice ہے۔ چار صوبے ہیں، سب میں problems ہیں، extremism ہے، اگر آپ ان چاروں کو ایک کر دیں تو کیا یہ چیزیں ختم ہو جائیں گے؟ At least وہ اپنے point کو clear کریں۔

ملک ریحان: مجھے سب سے پہلے ایک بات بتائیں کہ ہم لوگ باتیں کرتے ہیں کہ ہم لوگ ایک قوم ہیں، ہم لوگ پاکستانی ہیں، ہم پھر بھی اس کو divide کریں گے کہ ہم سندھی ہیں، اس کا ایک نیا صوبہ بنایا جائے۔ سرائیکی صوبہ بنایا جائے۔ ابھی ایک مسیحی ڈاکٹر نذیر وہ بھی کہہ رہا ہے کہ ہمیں بھی ایک کرسچین صوبہ چاہیے۔ یہاں unity کدھر ہے؟ ہمیں unity چاہیے، ہمیں ایک پاکستان چاہیے۔ بلوچ، پختون نہیں بلکہ سب سے پہلے ہمیں صرف ایک پاکستانی قوم ہونا چاہیے۔ The call for more provinces is nothing but reckless, desperation of morally bankrupt political leadership. جو corrupt ہیں وہ کہہ رہے ہیں کہ زیادہ صوبے بنائے جائیں تاکہ ملک میں زیادہ کرپشن ہو۔ It means to balkanize Pakistan, Pakistan کو مزید چھوٹے چھوٹے صوبوں میں تقسیم کیا جائے اور further problems create کی جائیں۔ شکریہ۔

جناب سپیکر: محترمہ سارہ عبدالودود صاحبہ۔

محترمہ سارہ عبدالودود : شکریہ جناب سپیکر! اس resolution کی تیسری لائن میں لکھا ہوا ہے کہ volatile situation in Tribal Areas, اس کے ساتھ میں آپ کو ایک اور بات بتاتی چلوں، آپ کو یقیناً معلوم ہو گی کہ ساٹھ سالوں سے زیادہ کا عرصہ ہو گیا ہے لیکن قبائلی علاقوں کے لوگوں کو basic rights, appeal, وکیل اور دلیل کا کوئی حق نہیں ہے۔ جناب والا! یہ کہنا کہ صوبوں میں اضافہ کرنا چاہیے، میرے قبائلی بھائیوں کے صبر کو اور کتنا آزمایا جائے گا۔ They should also be empowered like the rest of the provinces and FCR should be replaced by PPC as soon as possible. Thank you.

جناب سپیکر: جناب گلفام مصطفےٰ صاحب۔

جناب گلفام مصطفےٰ: جناب سپیکر! آپ کا شکریہ کہ آپ نے مجھے اس forum پر بولنے کا موقع فراہم کیا۔ میرے معزز ممبران نے demarcation کے حوالے سے بحث کی ہے۔ اس resolution کا main point جس پر صوبے بنانے پر اعتراض کیا گیا ہے وہ امن وامان کی صورت حال ہے، خاص طور پر بلوچستان، خیبر پختونخوا اور فاٹا۔ جناب والا! ہم سمجھ سکتے ہیں کہ ہمیں اس وقت security کی صورت حال کو control کرنے کے لیے جو resources

چاہییں، ان میں security personnel بھی ضروری ہیں، اس میں decentralization بھی ضروری ہے۔ اگر ہم دیکھتے ہیں کہ بلوچستان میں violence ہے تو ہمیں یہ بھی نظر آتا ہے وہاں پر جو بھی action ہوتا ہے، کوئی meeting ہوتی ہے، کوئی event ہوتا ہے یا اس حوالے سے کوئی conference ہوتی ہے وہ کوئٹہ تک ہی محدود رہتی ہے اور بلوچستان کے لوگوں کا یہ سب سے بڑا اعتراض ہوتا ہے کہ ہمارے جو بھی حکام بالا آتے ہیں وہ کوئٹہ تک محدود رہتے ہیں، اس سے آگے نہیں جاتے۔ اگر مزید صوبے بنیں گے تو باقی علاقوں میں بھی مزید resources دیے جائیں گے، مزید offices, department قائم ہوں گے اور ظاہر ہے کہ جب یہ چیزیں بڑھیں گی تو ہم وہاں پر امن وامان کی صورت حال کو کنٹرول کرنے میں زیادہ بہتر position میں ہوں گے۔

جناب سپیکر! میں یہاں یہ بتانا بھی ضروری سمجھوں گا کہ دنیا کا سب سے بڑا صوبہ چین میں ہے اور دنیا کا دوسرا بڑا صوبہ پنجاب ہے جس کی آبادی ساڑھے آٹھ کروڑ ہے جبکہ چین کے اس صوبے کی آبادی سوا نو کروڑ ہے۔ اگر ہم عالمی پس منظر میں بھی دیکھیں تو اس کی کوئی logic نہیں بنتی جبکہ ہمارے resources دنیا کے باقی ترقی یافتہ ممالک کی نسبت بہت کم ہیں۔ میں یہ بھی کہنا چاہوں گا کہ اس وقت اگر ملک کے باقی صوبوں میں trust deficit ہے، اگر ملک کے باقی صوبوں میں احساس محرومی ہے تو اس کا ایک بہت بڑا factor یہ ہے کہ پنجاب نے ملک کے زیادہ تر وسائل پر بقول ان کے قبضہ کیا ہوا ہے لیکن دوسری طرف یہ بھی حقیقت ہے کہ پاکستان کی 60% سے زیادہ آبادی پنجاب میں رہتی ہے اور پاکستان کے رقبے کا 45% حصہ صرف بلوچستان پر مشتمل ہے۔ہمیں اس وجہ سے بھی مزید صوبے بنانے کی ضرورت ہے۔ یہاں infrastructure کی بات ہوئی، میں یہ بھی کہنا چاہوں گا کہ نئے صوبے بنانے کے لیے ہمیں زیادہ infrastructure بھی تعمیر نہیں کرنا پڑے گا کیونکہ اگر ہم جنوبی پنجاب میں دیکھتے ہیں تو بہاولپور میں اس وقت بھی پوری state کا infrastructure موجود ہے۔ اگر ہم ملتان میں دیکھتے ہیں تو وہ بھی ریاست رہا ہے اور اس وقت بھی وہاں پر صوبائی حکومت کے بہت سے sub-offices ہیں جن کو اس مقصد کے لیے استعمال کیا جاسکتا ہے، اس لیے ہمیں infrastructure پر بہت زیادہ investment کی ضرورت نہیں ہو گی۔

جناب والا! میں specially Punjab کے حوالے سے یہ بھی عرض کرنا چاہوں گا کہ ایک اعتراض یہ کیا جاتا ہے نئے صوبے اپنا revenue کہاں سے generate کریں گے؟ اگر ہم جنوبی پنجاب کی بات کرتے ہیں تو جنوبی پنجاب میں بھی معدنیات ہیں، ہمارے صحرائے تھل

سے تیل نکلتا ہے، گیس بھی نکلتی ہے۔ اگر صوبہ بنے گا تو obviously اس کی royalty بھی ہمیں ملے گی۔ ہمارے پاس وہاں بہت بڑے پیمانے پر sugar industry ہے، ہمارے پاس وہاں بہت بڑے level پر fertilizer industry ہے، وہاں پر multinationals companies ہیں جو production کرتی ہیں اور اپنی چیزیں پورے پاکستان میں supply کرتی ہیں، وہاں سے FBR tax کا ایک بہت بڑا حصہ وصول کرتا ہے اور صوبہ بننے کی صورت میں ظاہر ہے ہمیں اس میں سے بھی حصہ ملے گا، ہمارے لیے revenue کا بھی مسئلہ نہیں ہے۔ میں یہاں یہ بھی عرض کروں کہ اگر ہم اس وقت پچھلے کچھ بجٹ کو اٹھا کر دیکھیں تو جنوبی پنجاب کو جو بجٹ ملا ہے وہ لاہور شہر کے بجٹ کے 10% کے برابر ہے جو کہ ان کے احساس محرومی میں contribute کر رہا ہے۔ اس لیے اگر اس کو صوبائی حیثیت دی جائے گی تو ان کے وسائل ان تک پہنچیں گے اور وہ اپنے وسائل کو اپنی ترقی، اپنی خوشحالی اور اپنے مفادات کے لیے استعمال کر سکیں گے جس سے ملک میں ایک طرف احساس محرومی میں کمی ہو گی تو دوسری طرف باقی صوبوں کے درمیان decentralization کی وجہ سے trust deficit ہے، اس میں بھی کمی آئے گی۔ میں گزارش کروں گا کہ اس resolution کو ملک کی صورت حال اور ضروریات کو دیکھتے ہوئے تمام ممبران اپنا فیصلہ کریں او ر میں اس resolution کے حوالے سے اپنی مخالفت کا اظہار کرتا ہوں۔

جناب سپیکر: محترمہ اشنہ احمد صاحبہ۔

محترمہ اشنہ احمد : شکریہ جناب سپیکر! ہماری پارٹی نے کہا ہے کہ ہم صوبے بنانے کے حق میں ہیں لیکن ابھی نہیں پہلے ہمیں اپنا home work کرنا ہے، پہلے ہمیں اپنا economic structure بہتر کرنا ہے تو اس میں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ اس time period کے دوران ہمیں کام کرنا ہے۔ Blue Party کہتی ہے کہ صوبے بنیں تو administrative basis پر بنیں، basically ہمارا مسئلہ administration کا ہی ہے تو administrativeمسئلہ کیسے حل ہو گا؟ اس کے لیے میری suggestion ہو گی کہ ہم اپنی Local Governments کو empower کریں، آپ انہیں grass root level پر لے کر جائیں، انہیں اور چھوٹا کریں، division union سطح تک بنا دیں، انہیں مزید چھوٹا کریں۔ صوبوں میں جمہوریت grass root level پر feel ہو۔ اگر کسی کو اپنے گھر میں کوئی مسئلہ ہے تو اسے معلوم ہو کہ میں کہاں جا کر اپنے مسئلے کے بارے میں complain کروں۔ یہاں تو یہی المیہ ہے کہ صوبے میں رہنے والے آدمی کو یہ بھی نہیں معلوم کہ اگر اس کے گھر میں پانی نہیں آ رہا تو وہ کس سے شکایت کرے، at least چھوٹے چھوٹے

divisions بنا کر یہ تو ہو گا کہ everyone knows کہ میرا جو بھی مسئلہ ہو گا میں کس کو کہوں گا اور وہ اس مسئلے کو further high level تک پہنچائے گا۔ I will prefer کہ ابھی اپنا کام کریں، economic structure کو بہتر کریں، اس دوران ہم ہر صوبے میں Local Governments کو اس قدر empower کریں اور اسے بالکل چھوٹے level پر لے آئیں۔ شکریہ۔

جناب سپیکر! علی رضا صاحب۔

جناب علی رضا: شکریہ جناب سپیکر! اصل میں بات یہ ہے کہ اکثر ہماری text books میں ایک terminology use ہوتی ہے جسے political willingness کہتے ہیں۔ پولیو کے cases سے لے کر دنیا کے ہر بڑے case کے لیے وہ استعمال ہوتی ہے۔ آپ اس ایوان کا trend دیکھ سکتے ہیں کہ ہمارے so called young leaders کا trend کیا ہے؟ وہ ایک بات پر بھی متفق ہونے کے لیے تیار نہیں ہیں۔

جناب سپیکر! میں دوسری بات یہ کہنا چاہتا ہوں کہ کچھ لوگ ہوں گے جن کے دماغوں میں linguistic demarcation کے بارے میں کوئی points ہوں گے۔ ہم لوگوں نے ابھی NWFP Province کا نام تبدیل کیا ہے، ہمیں اس کی قیمت یہ چکانی پڑی ہے کہ پٹھانوں نے اسے اپنی ذات سمجھ لیا ہے اور ہزارہ والے ہم سے الگ ہو گئے ہیں۔ ہمیں ایک موجودہ صوبے کا صرف نام بدلنے پر یہ سزا دی گئی ہے لیکن خوش ہونے کی بات نہیں ہے، میں یہ کہنا چاہ رہا تھا کہ administrative basis پر demarcation ضرور ہونی ہے، ہو گی اور یہ وقت سب سے مناسب ہے کہ ہمیں اس وقت administrative basis پر صوبے بنانے ہوں گے۔ کیوں؟ میں معافی چاہتا ہوں کہ میرے پاس facts and figures نہیں ہیں لیکن آج ہم سب نے ایک workshop attend کی جس میں ہمیں پنجابی طالبان کے بارے میں بتایا گیا، ان سب سے پوچھیں کہ پنجابی طالبان کیا لاہور کے ہیں؟ کیا وہ ملتان کے ہیں؟ ان سب کا origin کہاں پر ہے؟ ان سب کو بنانے کی اصل وجہ کہاں ہے؟ وہ احساس محرومی ہے کہ آج وہاں اٹھارہ ہزار پنجابی طالبان ہیں۔ آپ کے پاس ابھی مناسب وقت نہیں ہے، دو سال کے بعد وہاں پر دو لاکھ پنجابی طالبان ہوں گے، پھر وہ ہمیں بتائیں گے کہ مناسب وقت کون سا ہے۔ اس کے علاوہ وہاں کے لوگوں کے لیے سب سے بڑے شہر لاہور اور ملتان ہیں، علاج معالجے کے لیے ہسپتال نہیں ہیں، infrastructure نہیں ہے، agriculture and industrial basis ہیں، بجلی نہیں ہے، وہ کس طرح زندہ رہیں گے؟ اس پر مزید یہ کہ سیلاب آ جاتے ہیں، حادثات ہو جاتے ہیں، وہ لوگ بہت کسمپرسی کی زندگی گزار رہے ہیں۔ خدارا! وقت کا انتظار نہ کریں، ہم لوگوں نے ابھی ایک آئینی ترمیم کی ہے جس میں

ہم لوگوں نے صوبوں کو وزارتیں devolve کی ہیں۔ ہم لوگ یہ چیزیں قراردادوں سےمنظور نہیں کریں گے، اس پر پورا framework ہو گا، پورا home work ہو گا اور اس کے بعد یہ سب چیزیں ہوں گی۔ میں یہ کہنا چاہوں گا کہ انشاءاللہ تعالیٰ صوبے بنیں گے اور ہم اس کو administrative basis پر بنائیں گے اور ضرور بنائیں گے۔ شکریہ۔

جناب فہد مظہر: جناب سپیکر! میں آپ کی اجازت سے دو تین منٹ بولنا چاہتا ہوں۔

جناب سپیکر: جی۔

جناب فہد مظہر: جناب سپیکر! As a leader of the party اور اس کو defend کرنے کے لیے جو resolution آئی ہے کچھ ایسے confusions پیدا ہو گئے ہیں جو کسی اور راستے پر جا رہے ہیں، ہمارا مقصد اس راستے پر جانے کا نہیں تھا۔

(مداخلت)

جناب فہد مظہر: جناب والا! اگر آپ اس resolution کو دیکھیں اور ایوان میں لوگ یہ بھی کہہ چکے ہیں بلکہ آج مجھے تھوڑی دیر پہلے ہماری ایک drill کے دوران جو خوشی ہوئی تھی کہ ہم سب میں سمجھ بوجھ ہے، ہم سب اکھٹے ہیں، ہم میں زیادہ ups and downs نہیں ہیں لیکن انہوں نے straight forward یہ کہہ دیا ہے کہ ان کا تو آپس میں ہی confusion ہے اور بتانے میں کوئی cohesion نہیں ہے تو میں ان کی باتوں میں نہیں جاتا کہ ان کی comprehension ability کیسی تھی لیکن ہم نے اس پر clearly کہہ دیا ہے۔ آپ کے پاس majority ہے لیکن اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ جو لوگ minority میں ہیں، وہ کچھ کہہ نہیں سکتے، صرف یہ کہا ہے کہ آپ جو framework دے رہے ہیں، اسے ایک point پر strict کر دیں کہ administration تو آپ ہمیں بھی consider کریں، if you want to do develop consensus, اکیلے کرنا چاہتے ہیں تو وہ آپ کر سکتے ہیں، پہلے دن بھی یہی بات ہو رہی تھی کہ unilateralکر دیاجائے تاکہ ایک balance create ہو جائے تو ہم نے اس پر بھی principle stand لیا تھا۔ بات یہ ہے کہ KPK کے لوگوں کی زندگی میں کیا change آ گیا ہے کہ جو NWFP کے وقت تھی اور اب کیا ہے، صرف ساٹھ سالوں میں so called نام تبدیل کیا گیا ہے۔ آپ مجھے بتائیں کہ South Waziristan Agency میں لوگ displaced ہیں، وہ وہاں نہیں رہ رہے۔ آپ وہاں جا کر صوبہ بنا دیں گے تو کس کے لیے بنائیں گے؟ طالبان یا militants نے سارے سکولوں کو تباہ کر دیا ہے، ہسپتالوں کو تباہ کر دیا ہے، کرم ایجنسی کے یہاں ہمارے ایک محترم ممبر تشریف فرما ہیں، ان کو افغانستان کے راستے پشاور آنا پڑتا ہے، جب یہ صورت

حال ہے۔ یہاں پر ڈیسک بجائے جاتے ہیں، انداز بیان تو بہترین ہے، اس پر اگر آپ نے بات کرنی ہے تو میں کہتا ہوں کہ چودہ کیا ہم اگر اٹھائیس بھی ہو جاتے تو شاید یہاں پر اچھے الفاظ کا استعمال کرنے والوں کا مقابلہ نہیں کر سکتے لیکن آپ اس میں spirit دیکھیں کہ ایک diverse group کے لوگ ہیں، انہو ں نے آج ایک قدم آگے بڑھایا ہے کہ ان چیزوں سے نکل کر، علاقیت کی بات تو ہر کوئی کرنا ہے اور خوشی ہوتی ہے بلکہ ہم سے اس وقت پوچھا گیا کہ اپنی constituency کے مسائل بتائیں۔ یہ مسائل کیسے حل ہوسکتے ہیں؟ماضی میں کیا trends رہے ہیں؟ سپیکر صاحب! آپ بھی میرے انٹرویو میں موجود تھے، آپ نے مجھ سے پوچھا کہ آپ چاہتے ہیں کہ کون سے Youth Parliament issues میںdiscuss ہوں اور آپ چاہتے ہیں کہ وہ address کریں، discussion تو ہوتی ہے لیکن اس پر کسی انجام پر پہنچا جائے۔ ہم بھی یہی بات کر رہے ہیں کہ میرے بھائیو ایک مرتبہ پھر selfishness ہوگی، آپ مجھے بتائیں کہ کیا آپ دو دنوں میں صوبے بنا دیں گے او رکیا صوبوں کا کام ہو گا کہ وہ طالبان کو وہاں سے نکالے؟ ہم تو بات ہی یہی کر رہے ہیں کہ سب کچھ ایک صوبے پر ڈال دیں چاہے اس کی capacity ہے یا نہیں ہے، شاید اس کے لیے یہ ممکن نہ ہو۔ ہم نے بھی کوئی guideline نہیں دی کہ دس سالوں تک نہیں بننے چاہییں۔

جناب سپیکر! آپ ملک سے باہر چلے جائیں کہ انڈیامیں صوبے بنے کیونکہ وہاں آٹھ کروڑ کی آبادی ہے یا نو کروڑ کی آبادی ہے۔ ہم نے کہہ دیا ہے کہ وفاق نے نہیں کرنا، کسی دوسرے صوبے کی اسمبلی نے نہیں کرنا۔ امریکی سینیٹ میں ایک resolution ابھی صرف draft کی گئی تھی اور ہم نے اتنا واویلہ مچا دیا اور اس پر ایک stand لیا، وہ بھی یہی بات تھی کہ جب national integration پر بات آئے گی۔

ایک معزز ممبر: جناب والا! .Point of order

Mr. Speaker: Yes.

ایک معزز ممبر: جناب والا! پرانی باتیں کی جارہی ہیں، اس سے بہتر تھا کہ کسی اور مقرر کو وقت دیا جاتا اور وہ یہاں کوئی productive بات کر لیتا۔

(مداخلت)

Mr. Speaker: Order in the House, Mr. Fahad please continue.

جناب فہد مظہر: مقابلہ ہونا چاہیے اور اسے compete کرنا چاہیے، بات یہ ہے کہ competition ہونے کے ساتھ ساتھ ہم صوبوں میں بھی اس چیز کو encourage کرتے ہیں۔ آپ

وفاق کی علامت ہیں اور اپنے فیصلوں پر نظرثانی کریں کہ ان میں بھی وفاق کی علامت جھلکنی چاہیے۔ صوبے بننے چاہییں، ضرور بننے چاہییں، اس کے لیے broader framework develop کرنا چاہیے، اس میں administration ہونی چاہیے، ہم کہتے ہیں کہ آپ اس میں main pillar administration کا رکھیں لیکن سب چیزوں کو divide کر دیں کہ ہاں ہم ان چیزوں کو بھی consider کریں گے۔ فی الحال یہ وقت نہیں ہے کہ نئے صوبے بنائے جائیں۔ شکریہ۔

جنا ب سپیکر: جناب حفیظ اللہ وزیرصاحب۔

جناب حفیظ اللہ وزیر: شکریہ جناب سپیکر! صوبوں کی demarcation پر تقریباً تمام لوگ agree ہیں، میں ان کے advantages پر نہیں جاؤں گا، صرف اتنا کہوں گا کہ resolution میں یہ بات ظاہر کی گئی ہے کہ ابھی صوبے نہیں بننے چاہییں کیونکہ اس وقت پاکستان میں دوسرے بھی مسائل ہیں۔ میں اس ایوان سے صرف یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ کیا یہ تحریکیں جو صوبے بنانے کے لیے چل رہی ہیں، کیا یہ مسئلہ نہیں ہے؟ دوسری بات جو اپوزیشن کی طرف سے آئی کہ خیبر پختونخوا کا نام تبدیل کرنے پر آٹھ ارب روپے خرچ ہوئے تو میں ان کو صرف یہ بتاؤں گا کہ وہ صرف نام تبدیل کرنے یا دستخط کرنے پر نہیں لگے، وہ تحریک چلانے پر لگے۔ اگر اب ہم یہ تحریکیں اس طرح چھوڑ دیں کہ یہ چلتی رہیں تو ان تحریکوں کی وجہ سے ہماری economy ختم ہوتی جائے گی۔

جناب والا! اس کے علاوہ یہ بات کہ صوبے کیdemarcation کیbase کیا ہونی چاہیے؟ کن basis پر تقسیم ہونی چاہیے چونکہ حکومت کی جو پالیسی تھی، وزیراعظم صاحب نے پہلے بھی discuss کی، میں یہاں پر تھوڑا سا elaborate کروں گا کہ Blue Party کی یہ پالیسی ہے کہ ہم صوبے کی تقسیم at once چاہتے ہیں اور administrative basis پر چاہتے ہیں۔ اپوزیشن کی طرف سے ایک suggestion آئی ہے کہ صوبے کی تقسیم linguistic اور دوسری بنیادوں پر بھی ہونی چاہیے۔ میں اپوزیشن لیڈر کے صرف ان points کو discuss کروں گا، انہوں نے کہا کہ میں ایک سرائیکی speaker ہوں اور میں خیبر پختونخوا میں رہ رہا ہوں اور میں وہاں بہت خوش ہوں۔ اگر ہم اس نتیجے کو دیکھیں تو ہم سمجھتے ہیں کہ اگر ہم administrative basis پر تقسیم کریں تو وہاں چاہے جتنے بھی لوگ رہیں گے، وہ خوش رہ سکتے ہیں، جس طرح سرائیکی speaking والے خیبر پختونخوا میں خوش رہ رہے ہیں۔شکریہ۔

جناب سپیکر! جنا ب وزیراعظم صاحب۔

جناب محمد ہاشم عظیم (وزیراعظم یوتھ پارلیمنٹ): شکریہ جناب سپیکر! پہلے ہی اس

معاملے پر کافی زیادہ تقریریں ہو چکی ہیں۔ میں چاہتا ہوں کہ میں points پر آؤں اور جلدی اس issue کو conclude کروں۔ جناب والا! اپوزیشن کی طرف سے جو قرارداد آئی، اس کے الفاظ میں بتانا چاہتا ہوں کہ "New provinces would be fruitless keeping in view the volatile situation in Tribal Areas, KPK and Balochistan" انہوں نے basically instability کی بات کی۔ میں ان سے پوچھنا چاہتا ہوں، میں پوری اپوزیشن کو address کرنا چاہتا ہوں کہ instability کس طرح آتی ہے؟ Instability تب آتی ہے جب لوگوں میں احساس محرومی آتا ہے، جب لوگوں کو ان کے حقوق نہیں ملتے ، جب لوگوں کو empower نہیں کیا جاتا، جب لوگوں کو ان کی growth نہیں ملتی، جب انہیں development نہیں دی جاتی۔ آپ جب administrative basis پر تقسیم کریں گے، انہیں empower کریں گے، ان کی economic stability کی بات کریں گے، ان کی sustainability کی بات کریں گے تو آپ کس طرح صوبوں کو تقسیم کر سکتے ہیں۔

جناب والا! انہوں نے دوسری بات کی کہ ابھی اس کے لیے home work چاہیے، ابھی اس کے لیے mechanism چاہیے، ابھی ہمیں آگے بڑھنا ہے۔ جناب والا! میں نے اپنی پہلی تقریر میں بھی کہا تھا کہ is procrastination the answer? Is procrastination the solution? آپ ساٹھ سالوں سے جس چیز کو delay کر رہے ہیں، آپ اس کو procrastination کر کے اپنی حکومت بچا کر مسئلے کو لٹکانا چاہیں گے یا اس کے کسی مثبت حل کی طرف آئیں گے؟ جناب والا! میرا تعلق ایک progressive and liberal party سے ہے،میری پارٹی اس چیز پر firm believe کرتی ہے کہ مسائل کا فی الفور حل ہونا چاہیے، ہمیں کوئی way forward دینا چاہیے۔

جناب سپیکر! آخر میں میں صرف اتنا کہنا چاہتا ہوں کہ جس طرح ہمارے پاس پانچ اجلاس ہیں، ہمیں ان اجلاسوں میں ایک way forward دینا ہے اور ایک راستہ دکھانا ہے کہ ہم اگلے اجلاسوں میں کسی point پر پہنچیں، کوئی direction لے کر منزل کا تعین کریں اور اسے achieve کر سکیں۔ In the end as a parting note, I will suggest کہ صوبوں کی بہت زیادہ ضرورت ہے، جس طرح یہ خود مانتے ہیں، instability کم ہو گی کیونکہ empowerment بڑھے گی، growth بڑھے گی، development بڑھے گی۔ As a stance of my party sorry to say we would be against this resolution as it is against our manifesto and it is against the progress of Pakistan in our opinion.

Mr. Speaker: This House is of the opinion that in principle we agree that there is need for new provinces to be carved out including the issue of the tribal areas with

relevance to our federal state structure but at this point in time this ongoing debate about new provinces would be fruitless, keeping in view the volatile situation in tribal areas, KPK and Balochistan. Moreover, this House emphasizes to consolidate the existing federal State Structure in line with 18th Constitutional Amendment before launching into the process of formation of new provinces.

(The motion was rejected)

Mr. Speaker: The House stands adjourned to meet again on tomorrow the 19th April, 2012 at 9:30 a.m.

[The House was then adjourned to meet again on 19th April, 2012 at 9:30 a.m.)